سوال

(1054) مستعمل سونا بیچ کر نیا سونا خریدنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض سونے کے خریدار نئے سونے کا بھاؤ پوچھتے ہیں۔ بھاؤ معلوم ہونے پر وہ اپنا مستعمل سونا پیش کر دیتے ہیں اور اسے فروخت کرتے ہیں۔ مگر رقم وصول کرتے وقت اسی رقم سے نیا سونا خرید لیتے ہیں۔ اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس میں کوئی حرج نہیں ہے، بشرطیکہ پہلے سے ایسا کوئی پروگرام طے نہ کیا گیا ہو۔ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس صورت میں خریدار کو چاہئے کہ وہاں سے چلا جائے اور کہیں اور سے اپنے مطلب کی چیز خرید لے۔ اگر نہ ملے تو اس کے پاس دوبارہ آ کر خرید کر لے۔ یہ اس لیے کہ حیلہ کے شبہ سے نکل جائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 738

محدث فتویٰ